آئیے عربی سیکھیں

دروس اللغة العربية للمبتدئين

زبیر احمد فاروقی
فرحانہ صدیقی
حبیب اللہ خان
عبد الماجد قاضی

اکائی ۱ اکائی ۲
اکائی ۳ اکائی ٤

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

آئیے عربی سیکھیں

دروس اللغة العربية للمبتدئين

تألیف

پروفیسر زبیر احمد فاروقی

پروفیسر فرحانہ صدیقی

ڈاکٹر حبیب اللہ خان

ڈاکٹر عبد الماجد قاضی

☆ اکائی ۱ ☆ اکائی ۲

☆ اکائی ۳ ☆ اکائی ٤

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

پہلی اشاعت : 2007
بارہویں طباعت : 2019
تعداد : 27000
سلسلۂ مطبوعات : 1239

"DURUSUL LUGHATIL ARABIAH LIL MUBTADIEEN"

(Arabic for Beginners)

Compiled by

Prof. Zubair Ahmad Farooqi

Prof. Farhana Siddiqi

Dr. Habibullah Khan

Dr. Abdul Majid Qazi

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025
فون نمبر: 49539000 فیکس: 49539099
شعبۂ فروخت: ویسٹ بلاک-8، آر-کے-پورم، نئی دہلی 110066 فون نمبر: 26109746
فیکس: 26108159 ای میل: ncpulsaleunit@gmail.com
ای-میل: urducouncil@gmail.com ویب سائٹ: www.urducouncil.nic.in
طابع: میکاف پرنٹرس، 2847-بازار ترکمان گیٹ، دہلی-110006
اس کتاب کی چھپائی میں 80 GSM, TNPL Maplitho کاغذ کا استعمال کیا گیا ہے۔

فہرست

اِکائی۔ ۱

اِکائی۔ ۲

اِکائی۔ ۳

اِکائی۔ ٤

پیش لفظ

ہندوستان کو ایک غیر عرب ملک ہونے کے باوجود عربی زبان وادب کی خدمت کے سلسلہ میں ہمیشہ سے ایک امتیازی حیثیت حاصل رہی ہے۔ اس ملک کے لیے عربی زبان کبھی بھی ایک اجنبی زبان نہیں رہی۔ صدیوں سے عربی درس و تدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ملک نے عربی زبان وادب کے ایسے مشاہیر، علما اور ادبا پیدا کیے ہیں جن کی عظمت کا اعتراف عالم عرب کے محققین ومفکرین نے بھی کیا ہے۔

ہندوستان میں عربی زبان وادب کی خدمت میں سب سے اہم حصہ عربی مدارس کا رہا ہے جو صدیوں سے طالب علموں کو علوم اسلامیہ کے ساتھ ساتھ زبان وادب کی بھی تعلیم دیتے رہے ہیں۔ مدارس کے علاوہ ہندوستان کی تقریباً تمام بڑی یونیورسٹیوں میں عربی کے شعبے موجود ہیں جہاں پر طلبا کی ایک بڑی تعداد عربی زبان وادب کی تعلیم حاصل کر رہی ہے۔

گزشتہ چند دہائیوں میں دینی اسباب کے علاوہ اقتصادی اور سیاسی عوامل کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر عربی زبان کی اہمیت میں حیرت انگیز اضافہ ہوا ہے۔ موجودہ زمانے میں عربی زبان کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے پیش نظر قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان نے یہ ضرورت محسوس کی کہ جدید عربی زبان میں ایک ایسا کورس شروع کیا جائے جو موجودہ عصری تقاضوں کو پورا کرے اور طالب علموں اور خاص طور پر مدارس کے فارغ التحصیل طلبا کے لیے روزگار کے مزید مواقع فراہم کرنے میں بھی مفید و معاون ثابت ہوسکے۔ اسی مقصد کے پیش نظر کونسل نے 2002 میں دوسالہ فاصلاتی کورس "Diploma in Functional Arabic" شروع کیا۔ اس کورس کو مواد، تنسیق وتزئین اور پیش کش کی وجہ سے طالب علموں اور اساتذہ کے درمیان خاصی مقبولیت ہوئی ہے۔

لیکن یہ ڈپلومہ کورس ان طالب علموں کے لیے ہے جو عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔ عربی زبان سے ناواقف اور اردو زبان سے واقفیت رکھنے والے طلبا کی مانگ نیز ادبی حلقوں کی درخواست اور اصرار پر قومی اردو کونسل

نے ایک دوسرا ایک سالہ فاصلاتی سرٹیفکیٹ کورس "Certificate course in Functional Arabic" شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔

پیش نظر کتاب مذکورہ کورس پر مشتمل چار اکائیوں میں منقسم ہے۔ اسباق کی مجموعی تعداد چالیس ہے۔ ہر سبق میں ایک نحوی قاعدہ سکھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ مبتدی طالب علم قواعد کی بنیاد پر مرتب اور منظم انداز میں عربی زبان سیکھ سکے۔ کتاب کے آخر میں الفاظ و معانی بھی دیئے گئے ہیں جو اپنی نوعیت کی پہلی کوشش ہے۔

یہ کتاب پروفیسر زبیر احمد فاروقی، صدر شعبہ عربی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی اور ان کے رفقاء کار پروفیسر فرحانہ صدیقی، ڈاکٹر حبیب اللہ خان اور ڈاکٹر عبدالماجد قاضی نے تیار کی ہے۔ کونسل اس محنت اور کاوش کے لیے ان کے بے حد شکر گزار ہے۔ قومی کونسل کے اراکین جناب پرویز شہریار، محترمہ شمع کوثر یزدانی اور ڈاکٹر آصف اقبال بھی شکریہ کے مستحق ہیں جن کے مشوروں اور کوششوں سے یہ کام مقررہ وقت پر بہ حُسن و خوبی اس صورت میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ ہمیں یقین ہے کہ اس کتاب اور اس کورس کو بھی طلباء اور اساتذہ کے درمیان اسی نوعیت سے خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہوگی جیسا کہ ڈپلوما اِن فنکشنل عربی کورس کی ہو رہی ہے۔

ڈائرکٹر

ڈاکٹر عقیل احمد

مقدمہ

پیش نظر کتاب "دروس اللغة العربية للمبتدئين" جو چالیس اسباق پر مشتمل ہے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، وزارت فروغ انسانی وسائل کے فاصلاتی کورس کے پروگرام کے تحت شعبۂ عربی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے درج ذیل اساتذہ کی طرف سے مرتب کی گئی ہے:

1۔ پروفیسر زبیر احمد فاروقی

2۔ پروفیسر فرحانہ صدیقی

3۔ ڈاکٹر حبیب اللہ خان

4۔ ڈاکٹر عبدالماجد قاضی

اس کتاب کا مقصد ابتدائی درجات کے طلبہ سے لے کر بڑی عمر تک کے لوگوں میں جو عربی زبان سیکھنے کے خواہش مند ہوں عربی بولنے اور لکھنے کی خاطر خواہ مہارت پیدا کرنا ہے۔ ہندستان اور عالمِ عرب میں عربی زبان سکھانے کے لیے اب تک جو اہم کتابیں شائع ہوئی ہیں اس کتاب کی تیاری میں ان سب سے بقدر ضرورت استفادہ کیا گیا ہے۔

کتاب کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

☆ عصر حاضر کی ضرورتوں کے مطابق الفاظ اور اصطلاحات کا انتخاب کیا گیا ہے۔

☆ ہر سبق میں کچھ نئے الفاظ سکھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبہ کے پاس بتدریج الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ جمع ہو جائے۔

☆ ابتدائی اسباق میں تصاویر کے ذریعہ نئے الفاظ کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

☆ ہر سبق کی ترتیب میں گرامر کے کسی قاعدے کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

☆ کتاب کے چالیس اسباق میں گرامر کے تمام اہم اور بنیادی قاعدوں کا احاطہ کرلیا گیا ہے۔

☆ ان اسباق کے ذریعہ قواعد کے استعمال سے متعلق ضروری واقفیت حاصل کی جاسکتی ہے، البتہ ان کی تفصیلی وضاحت کے لیے معلم کی مدد ضروری ہے۔

☆ ہر سبق کے بعد مختلف مشقوں کے ذریعہ لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

☆ کتاب کے آخر میں ہر سبق میں استعمال کیے گئے نئے الفاظ کے معنی دیے گئے ہیں تاکہ معلم کی مدد کے بغیر بھی طلبہ کو اسباق کے سمجھنے میں آسانی ہو۔

امید ہے کہ یہ کتاب مطلوبہ مقاصد کو پورا کرنے میں کامیاب ہوگی اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی طرف سے عربی زبان سکھانے کی کوششوں میں ایک اہم قدم ثابت ہوگی۔ کونسل اپنی اس کوشش کے لیے ہم سب کی طرف سے شکریہ اور مبارکباد کی مستحق ہے۔

نئی دہلی

2رفروری 2007ء

(پروفیسر) زبیر احمد فاروقی

اِکائی۔ ۱

١ ـ الدرس الأول

حروفِ تہجی

(عربی حروف کی شکل مختلف حالتوں میں)

ا/ء
ب
ت
ث
ج
ح
خ
د
ذ
ر
ز
س
ش
ص
ض

ط
ظ
ع
غ
ف
ق
ك
ل
م
ن
ه
و
ي

حروف	ابتدا	درمیان میں	آخر میں
ا	ا	ـا	لـ
ب	بـ	تبـ	تب
ت	تـ	تتـ	تت
ث	ثـ	تثـ	تث
ج	جـ	تجـ	بج
ح	حـ	تحـ	بح
خ	خـ	تخـ	بخ
د	د	تد	تد
ذ	ذ	تذ	تذ
ر	ر	تر	تر
ز	ز	تز	تز
س	سـ	تسـ	تس
ش	شـ	تشـ	تش
ص	صـ	تصـ	تص
ض	ضـ	تضـ	تض
ط	طـ	تطـ	تط
ظ	ظـ	تظـ	تظ
ع	عـ	تعـ	تع
غ	غـ	تغـ	تغ
ف	فـ	تفـ	تف
ق	قـ	تقـ	تق

ك	كـ	تكـ	تك
ل	لـ	تلـ	تل
م	مـ	تمـ	تـم
ن	نـ	تنـ	تـن
ه	هـ	تهـ	تـه
و	و	تـو	تو
ي	يـ	تيـ	تـي

٢ـ الدرس الثاني

اسماء اشاره، حروف استفهام

*هَذَا	هَذِهِ	ذَلِك	تِلْكَ
**مَا	هَلْ		
كُرْسِيٌّ	قَلَمٌ	بَيْتٌ	حَقِيْبَةٌ
مَدْرَسَةٌ	حَدِيْقَةٌ	نَعَمْ	لَا

بَيْتٌ

كُرْسِيٌّ

قَلَمٌ

حَقِيْبَةٌ

مَدْرَسَةٌ

حَدِيْقَةٌ

* أسماء اشاره ** حروف استفهام

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

هَذَا بَيْتٌ

هَذَا كُرْسِيٌّ

هَذَا قَلَمٌ

هٰذِهِ حَقِيْبَةٌ

هٰذِهِ مَدْرَسَةٌ

هٰذِهِ حَدِيْقَةٌ

ذَلِكَ بَيْتٌ

ذَلِكَ كُرْسِيٌّ

ذَلِكَ قَلَمٌ

تِلْكَ حَقِيْبَةٌ

تِلْكَ مَدْرَسَةٌ

تِلْكَ حَدِيْقَةٌ

مَا هَذَا؟

هَذَا بَيْتٌ

مَاهَذَا؟

هَذَا كُرْسِيٌّ

مَا هَذَا؟

هَذَا قَلَمٌ

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ حَقِيْبَةٌ

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ مَدْرَسَةٌ

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ حَدِيْقَةٌ

هَلْ هَذا بَيْتٌ؟

نَعَمْ، هَذا بَيْتٌ

هَلْ هَذا كُرْسِيٌّ؟

نَعَمْ، هَذا كُرْسِيٌّ

هَلْ هَذا قَلَمٌ؟

نَعَمْ، هَذا قَلَمٌ

هَلْ هَذِهِ حَقِيْبَةٌ؟

نَعَمْ، هَذِهِ حَقِيْبَةٌ

هَلْ هَذِهِ مَدْرَسَةٌ؟

نَعَمْ، هَذِهِ مَدْرَسَةٌ

هَلْ هَذِهِ حَدِيْقَةٌ؟

نَعَمْ، هَذِهِ حَدِيْقَةٌ

هَلْ هَذا قلمٌ؟

لَا ، هَذا بَيْتٌ

هَلْ هَذا بَيْتٌ؟

لَا ، هَذَا كُرْسِيٌّ

هَلْ هَذَا كُرْسِيٌّ؟

لَا ، هَذَا قَلَمٌ

هَلْ هَذِهِ مَدْرَسَةٌ؟

لَا ، هَذِهِ حَقِيْبَةٌ

هَلْ هَذِهِ حَدِيْقَةٌ؟

لَا ، هَذِهِ مَدْرَسَةٌ

هَلْ هَذِهِ حَقِيْبَةٌ؟

لَا ، هَذِهِ حَدِيْقَةٌ.

مشق

۱۔ خالی جگہیں پر کیجیے:

هَذَا ....

هَذِهِ ....

ذَلِكَ ....

تِلْكَ ....

.... بَيْتٌ

.... حَقِيْبَةٌ

.... كُرْسِيٌّ

.... مَدْرَسَةٌ

.... قَلَمٌ

.... حَدِيْقَةٌ

۲۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ یہ گھر ہے۔

۲۔ یہ اسکول ہے۔

۳۔ وہ کرسی ہے۔

۴۔ وہ بیگ ہے۔

۵۔ کیا یہ قلم ہے۔

۶۔ نہیں یہ گھر ہے۔

۷۔ کیا وہ پارک ہے۔

۸۔ ہاں وہ پارک ہے۔

قاعدہ

اسماء اشارہ وہ اسماء ہیں جو کسی معین ومخصوص چیز یا شخص کی طرف اشارہ کریں۔ جیسے: هـــذا (یہ۔ مذکر)۔ هــذه (یہ۔ مؤنث)، ذلك (وہ۔ مذکر) تــلك (وہ۔ مؤنث) وغیرہ وغیرہ۔

عربی میں استفہام یا (استفسار) کے لیے یہ حروف آتے ہیں: همزة ، هل ،مَن، ما، متى، أين، كيف، كـم، ايى۔ اس سبق میں صرف ۲ حروف بتائے گئے ہیں۔ هل (کیا) کا جواب نـعم یا لا کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ (ما۔ کیا چیز) غیر ذوی العقول کے لیے آتا ہے۔ جیسے: ماهذا؟ (یہ کیا چیز ہے؟)۔

مَن (کون؟) یہ ذوی العقول کے لیے آتا ہے۔ جیسے: من هذا؟ (یہ کون شخص ہے؟)

٣ ـ الدرس الثالث

ضمائر، حروف استفہام

* أَنَا نَحْنُ أَنْتَ أَنْتِ هُوَ هِيَ
** مَنْ
رَجُلٌ اِمْرَأَةٌ وَلَدٌ بِنْتٌ صَغِيْرٌ صَغِيْرَةٌ
كَبِيْرٌ كَبِيْرَةٌ طَوِيْلٌ طَوِيْلَةٌ قَصِيْرٌ قَصِيْرَةٌ

رَجُلٌ

بِنْتٌ

اِمْرَأَةٌ

وَلَدٌ

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے:

أَنَا رَجُلٌ　　　أَنَا بِنْتٌ

أَنْتِ اِمْرَأَةٌ　　　أَنْتِ بِنْتٌ

---

* ضمائر ** حرف استفہام

هُوَ وَلَدٌ	هِيَ اِمْرَأَةٌ
نَحْنُ مُعَلِّمُوْنَ	نَحْنُ مُعَلِّمَاتٌ
أَنَا بِنْتٌ	أَنْتَ وَلَدٌ
مَنْ أَنْتَ؟	أَنَا وَلَدٌ/رَجُلٌ
مَنْ أَنْتِ؟	أَنَا اِمْرَأَةٌ/ بِنْتٌ
هَلْ أَنْتَ رَجُلٌ؟	نَعَمْ، أَنَا رَجُلٌ
هَلْ أَنْتِ بِنْتٌ؟	لَا ، أَنَا وَلَدٌ
هَلْ هُوَطَوِيْلٌ؟	لَا ، هُوَ قَصِيْرٌ
هَلْ هِيَ طَوِيْلَةٌ؟	نَعَمْ، هِيَ طَوِيْلَةٌ
هَلْ هِيَ قَصِيْرَةٌ؟	لَا ، هِيَ طَوِيْلَةٌ
هَلْ هُوَ كَبِيْرٌ	لَا ، هُوَ صَغِيْرٌ

مشق

- مندرجہ ذیل ضمائر پڑھیے اور یاد کیجیے:

هُوَ	أَنْتَ	
هُمَا	أَنْتُمَا	أَنَا
هُمْ	أَنْتُمْ	نَحْنُ

هِيَ	أَنْتِ
هُمَا	أَنْتُمَا
هُنَّ	أَنْتُنَّ

۲۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

١- أَنْتَ ....

٢ - هُوَ ....

٣ - أَنَا ....

٤ - أَنْتَ ....

٥ - هَلْ هُوَ ....

٦ - نَعَمْ هُوَ ....

٧ - هَلْ أَنْت ....

٨ - لَا ، أَنَا ....

٩ - هِيَ ....

١٠ - أَنْتِ ....

۳۔ گفتگو:

١ – هَلْ هُو رَجُلٌ؟

نَعَمْ، هُوَ رَجُلٌ

٢ – مَنْ أَنْتِ؟

أنا بِنْتٌ

٣ – مَنْ أَنْتَ؟

أنا رَجُلٌ

٤ – مَا هَذَا؟

هَذَا قَلَمٌ

٥ – مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ مَدْرَسَةٌ

۴۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ تم کون ہو؟ (مؤنث)

۲۔ کیا وہ لڑکا ہے۔

۳۔ لڑکی چھوٹی ہے۔

۴۔ میں ایک لڑکا ہوں۔

۵۔ تم کون ہو؟ (مذکر)

۶۔ کیا وہ آدمی ہے؟

۷۔ نہیں وہ عورت ہے۔

۸۔ ہاں میں ایک لڑکی ہوں۔

۹۔ تم ایک لڑکے ہو۔

۱۰۔ کیا تم لڑکی ہو؟

قاعدہ

: یہ ایک اسم معرفہ جو غائب، مخاطب یا متکلم کی طرح استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: ھــــو (وہ۔ مذکر)۔ ھی (وہ۔ مؤنث)، أنتَ (تم۔ مذکر) أنتِ (تم۔ مؤنث)، أنا (میں مذکر و مؤنث) اور ن (ہم مذکر و مؤنث)

٤ـ الدرس الرابع

معرّف باللّام

كِتَابٌ	أُسْتَاذٌ	سَبُّوْرَةٌ	فَصْلٌ
ذَكِيَّةٌ	ذَكِيٌّ	طَالِبَةٌ	طَالِبٌ
جَدِيْدَةٌ	جَدِيْدٌ	جَمِيْلَةٌ	جَمِيْلٌ
	كَرِيْمَةٌ	كَرِيْمٌ	

سَبُّوْرَةٌ

أُسْتَاذٌ

كِتَابٌ

طَالِبٌ

نوٹ: اسم کے شروع میں "ال" کے اضافہ سے وہ معرفہ بن جاتا ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

اَلْفَصْلُ كَبِيْرٌ	اَلطَّالِبُ ذَكِيٌّ	اَلطَّالِبَةُ ذَكِيَّةٌ
اَلسَّبُّوْرَةُ جَدِيْدَةٌ	اَلْأُسْتَاذُ كَرِيْمٌ	اَلْكِتَابُ جَمِيْلٌ
اَلْكُرْسِيُّ جَدِيْدٌ	اَلْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ	اَلْحَدِيْقَةُ جَمِيْلَةٌ
هٰذَا فَصْلٌ كَبِيْرٌ	هٰذِهِ سَبُّوْرَةٌ سَوْدَاءُ	ذٰلِكَ طَالِبٌ
هٰذَا كِتَابٌ	هٰذِهِ حَدِيْقَةٌ	ذٰلِكَ الطَّالِبُ ذَكِيٌّ

مَا هٰذِهِ؟	هٰذِهِ مَدْرَسَةٌ
هَلِ الْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ؟	نَعَمْ، اَلْمَدْرَسَةُ كَبِيْرَةٌ
مَنْ أَنْتَ؟	أَنَا طَالِبٌ
هَلْ هِيَ طَالِبَةٌ؟	نَعَمْ، هِيَ طَالِبَةٌ
هَلْ هٰذَا الْكِتَابُ جَدِيْدٌ؟	لَا، هٰذَا الْكِتَابُ قَدِيْمٌ

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هَذَا؟

هَذَا فَصْلٌ

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ سَبُّورَةٌ

مَنْ هَذَا؟

هَذَا أُسْتَاذٌ

هَلْ هَذَا كِتَابٌ؟

نَعَمْ، هَذَا كِتَابٌ

هَلْ هَذَا أُسْتَاذٌ؟

لَا ، هَذَا طَالِبٌ

۲۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

١ – اَلْمَدْرَسَةُ ....

٢ – .... ذَكِيٌّ

٣ – اَلْأُسْتَاذُ ....

٤ – .... جَمِيْلٌ

٥ – هَلْ أَنْتَ .... ذَكِيٌّ؟

٦ – لَا ، هٰذَا .... قَدِيْمٌ

٧ – .... هِيَ طَالِبَةٌ ذَكِيَّةٌ؟

٨ – نَعَمْ .... طَالِبَةٌ ....

٩ – لَا ، الْمَدْرَسَةُ ....

١٠ – تِلْكَ .... جَمِيْلَةٌ

۳۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ کلاس بڑی ہے۔

۲۔ کتاب نئی ہے۔

۳۔ کیا یہ استاذ ہے؟

۴۔ نہیں یہ شاگرد ہے۔

۵۔ وہ ایک خوبصورت باغ ہے۔

۶۔ تختہ سیاہ کالا ہے۔

۷۔ کیا وہ کرسی پرانی ہے؟

۸۔ ہاں وہ چھوٹا لڑکا ہے۔

۹۔ کیا وہ لڑکی خوبصورت ہے۔

۱۰۔ باغ خوبصورت ہے۔

۱۱۔ یہ ایک خوبصورت باغ ہے۔

قاعدہ

اسم کی دو قسمیں ہیں: نکرہ اور معرفہ۔

نکرہ : ایک ہی قسم کی کئی چیزوں کے مشترک نام کو اسم نکرہ کہا جاتا ہے۔ یہ کسی معین اور مخصوص چیز پر دلالت نہیں کرتا۔ جیسے: کتابٌ (کوئی کتاب)، رجلٌ (کوئی آدمی)۔

معرفہ: وہ اسم ہے جو کسی معین ومخصوص چیز کو بتائے جیسے: الکتابُ (کوئی خاص کتاب)، الرجلُ (کوئی خاص آدمی)۔

اسم کے شروع میں ''ال'' کے اضافہ سے وہ معرفہ بن جاتا ہے۔ اسے ''معرف باللام'' کہتے ہیں یعنی ہر وہ اسم جو ''ال'' نے ذریعہ معرفہ بنایا گیا ہو جیسے: البیتُ ، الولدُ، الکتابُ ۔ ''ال'' کو حرف تعریف بھی کہا جاتا ہے۔

٥ ـ الدرس الخامس

حروف جر، حرف استفهام

* فِي عَلَى

** مَاذَا

غُرْفَةٌ نَافِذَةٌ بَابٌ مَكْتَبٌ

مَفْتُوْحٌ مُغْلَقٌ وَاسِعٌ سِتَارَةٌ

غُرْفَةٌ

نَافِذَةٌ

بَابٌ

سِتَارَةٌ

* حروف جر ** حرف استفهام

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

فِي الْغُرْفَةِ
اَلْغُرْفَةُ وَاسِعَةٌ
فِي الْغُرْفَةِ بِنْتٌ
اَلْوَلَدُ فِي الْغُرْفَةِ
أَنْتَ فِي الْفَصْلِ
أَنْتِ فِي الْمَدْرَسَةِ

عَلَى الْبَابِ
اَلْفَصْلُ مُغْلَقٌ
عَلَى النَّافِذَةِ سِتَارَةٌ
اَلْأُسْتَاذُ فِي الْفَصْلِ
هُوَ فِي الْبَيْتِ
أَنَا فِي الْحَدِيْقَةِ

اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ
فِي الْحَدِيْقَةِ
عَلَى الْكُرْسِيِّ أُسْتَاذٌ
اَلاِمْرَأَةُ فِي الْبَيْتِ
هِيَ فِي الْغُرْفَةِ

مَنْ فِي الْبَيْتِ؟ — اَلْوَلَدُ فِي الْبَيْتِ
مَاذَا عَلَى الْمَكْتَبِ؟ — عَلَى الْمَكْتَبِ كِتَابٌ
مَاذَا فِي الْحَقِيْبَةِ؟ — فِي الْحَقِيْبَةِ قَلَمٌ
هَلِ الْأُسْتَاذُ فِي الْفَصْلِ؟ — نَعَمْ ، اَلْأُسْتَاذُ فِي الْفَصْلِ
هَلْ عَلَى الْمَكْتَبِ كِتَابٌ؟ — لَا ، عَلَى الْمَكْتَبِ حَقِيْبَةٌ
هَلِ الْغُرْفَةُ مَفْتُوْحَةٌ؟ — لَا ، اَلْغُرْفَةُ مُغْلَقَةٌ
مَنْ فِي الْبَيْتِ؟ — فِي الْبَيْتِ وَلَدٌ

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هٰذِهِ؟

هٰذِهِ غُرْفَةٌ

هَلْ هٰذِهِ نَافِذَةٌ؟

نَعَمْ، هٰذِهِ نَافِذَةٌ

هَلْ اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ؟
هَلْ اَلْبَابُ مُغْلَقٌ؟

نَعَمْ، اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ
لَا، اَلْبَابُ مَفْتُوْحٌ

هَلْ هٰذِهِ سِتَارَةٌ؟
هَلْ هٰذِهِ غُرْفَةٌ؟

نَعَمْ، هٰذِهِ سِتَارَةٌ
لَا، هٰذِهِ سِتَارَةٌ

۲۔ خالی جگہیں پر کیجیے:

١– اَلْغُرْفَةُ ....

٢ – اَلْبَابُ ....

٣ – .... مُغْلَقٌ

٤ – فِيْ .... بِنْتٌ

٥ – اَلْوَلَدُ فِيْ ....

٦ – هِيَ .... البَيْتِ

٧ – فِي ....أُسْتَاذٌ

٨ – عَلَى الْمَكْتَبِ..........

٩ – هَلْ عَلَى .... كِتَابٌ؟

١٠ – لَا ، الْغُرْفَة ....

۳۔مندرجہ ذیل جملوں میں سے ''جملہ مفیدہ'' (مکمل) اور ''غیر مفیدہ'' (غیر مکمل) کو علاحدہ لکھیے:

١- فِي الْغُرْفَةِ طَالِبٌ.

٢- عَلَى النَّافِذَةِ.

٣- فِي الْحَقِيْبَةِ.

٤۔ فِي الْحَدِيْقَةِ بِنْتٌ.

٥۔ اَلاِمْرَأَةُ فِي الْبَيْتِ.

٦۔ عَلَى الْمَكْتَبِ.

٧۔ أنَا فِي الْمَدْرَسَةِ.

٨۔ فِي الْغُرْفَةِ.

٩۔ مَاذَا عَلَى الْمَكْتَبِ؟

١٠۔ مَنْ فِي الْبَيْتِ؟

۴۔ ''الف'' اور ''ب'' دونوں حصوں میں سے مناسب الفاظ کو ملا کر لکھیے:

الف	ب
اَلْبَابُ	طَوِيْلٌ
اَلرَّجُلُ	مَفْتُوْحٌ
اَلْوَلَدُ	ذَكِيٌّ
اَلاِمْرَأَةُ	جَدِيْدَةٌ
اَلسَّبُّوْرَةُ	طَوِيْلَةٌ

۵۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ دروازہ کھلا ہے۔

۲۔ کمرہ بڑا (وسیع) ہے۔

۳۔ باغ میں لڑکی ہے۔

۴۔ میز پر کتاب ہے۔

۵۔ کلاس میں استاد ہے۔

۶۔ میں باغ میں ہوں۔

۷۔ تم اسکول میں ہو۔

۸۔ وہ گھر میں ہے۔

۹۔ گھر میں کون ہے؟

۱۰۔ گھر میں لڑکا ہے۔

۱۱۔ بیگ میں کیا ہے؟

۱۲۔ بیگ میں قلم ہے۔

قاعدہ

حرف جر ایک ایسا کلمہ ہے جو اپنے پورے معنی بتانے کے لیے دوسرے کلمہ کا محتاج ہوتا ہے۔ یعنی جب تک اس کے ساتھ کوئی دوسرا کلمہ نہ ملے اس کے معنی پورے طور پر سمجھ میں نہیں آسکتے۔ جیسے مِن (سے) إلى (تک)، في (میں) اور على (پر)۔ ان حروف کے آنے کے بعد آنے والے اسم پر ہمیشہ کسرہ (ـِـ) ہوتا ہے۔ جیسے في الغرفةِ ، على النافذةِ۔

حروف جر کی تعداد ۱۷ ہے اور وہ یہ ہیں: ب، ت، ك، ل، و، مِن، عن، على، في، إلى، حتى، ربّ، مذ، منذ، حاشا، عدا ،خلا۔

٦ـ الدرس السادس

ترکیب توصیفی

سَيَّارَةٌ	سَائِقٌ	حَافِلَةٌ	رَخِيْصَةٌ	غَالِيَـةٌ
نَشِيْطٌ	نَشِيْطَةٌ	قَدِيْمَةٌ	أَبْيَضُ	بَيْضَاءُ
أَسْوَدُ	سَوْدَاءُ			

سَيَّارَةٌ

سَائِقٌ

حَافِلَةٌ

مَكْتَبٌ

نوٹ: اس سبق میں دیے گئے جملے ترکیب توصیفی (موصوف اور صفت) پر مبنی ہیں۔

هٰذا طَالِبٌ نَشِيْطٌ، هٰذِهِ سَيَّارَةٌ قَدِيْمَةٌ، ذٰلِكَ بَابٌ مُغْلَقٌ، تِلْكَ مَدْرَسَةٌ كَبِيْرَةٌ، ذٰلِكَ وَلَدٌ صَغِيْرٌ، هٰذِهِ حَقِيْبَةٌ سَوْدَاءُ، هُوَ رَجُلٌ ذَكِيٌّ، هِيَ اِمْرَأَةٌ جَمِيْلَةٌ، اَلْبَابُ الْمَفْتُوْحُ صَغِيْرٌ، اَلنَّافِذَةُ الْمُغْلَقَةُ كَبِيْرَةٌ، اَلْحَافِلَةُ الْبَيْضَاءُ رَخِيْصَةٌ، اَلْحَدِيْقَةُ الْجَمِيْلَةُ وَاسِعَةٌ، أَنْتَ سَائِقٌ نَشِيْطٌ، أَنْتِ بِنْتٌ نَشِيْطَةٌ، اَلْوَلَدُ النَّشِيْطُ ذَكِيٌّ، اَلْبِنْتُ الذَّكِيَّةُ جَمِيْلَةٌ، فِي الْحَقِيْبَةِ السَّوْدَاءِ قَلَمٌ، عَلَى الْمَكْتَبِ الْقَدِيْمِ كِتَابٌ، مَاذَا فِي الْحَقِيْبَةِ الْبَيْضَاءِ؟ فِي الْحَقِيْبَةِ الْبَيْضَاءِ قَلَمٌ وَ كِتَابٌ، مَنْ فِي الْبَيْتِ الْقَدِيْمِ؟ فِي الْبَيْتِ الْقَدِيْمِ رَجُلٌ وَ اِمرَأَةٌ، هَلْ فِي الْحَدِيْقَةِ الْوَاسِعَةِ بِنْتٌ، نَعَمْ، فِي الْحَدِيْقَةِ الْوَاسِعَةِ بِنْتٌ، مَنْ فِي الْحَافِلَةِ الْقَدِيْمَةِ؟ فِي الْحَافِلَةِ الْقَدِيْمَةِ سَائِقٌ نَشِيْطٌ.

مشق

ا ۔ گفتگو:

مَا هٰذِهِ؟

هَلْ هٰذِهِ سَيَّارَةٌ بَيْضَاءُ؟

هٰذِهِ سَيَّارَةٌ

لَا ، هٰذِهِ سَيَّارَةٌ سَوْدَاءُ

مَنْ هٰذَا؟

هٰذَا سَائِقٌ

مَا تِلْكَ؟

هَلْ تِلْكَ سَيَّارَةٌ؟

تِلْكَ حَافِلَةٌ

لَا ، تِلْكَ حَافِلَةٌ

مَا هٰذَا؟

هَلْ هٰذَا مَكْتَبٌ؟

هٰذَا مَكْتَبٌ

نَعَمْ، هٰذَا مَكْتَبٌ

۲۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

۱۔ اَلْوَلَدُ .... ذَكِيٌّ.

۲۔ مَنْ .... الْبَيْتِ ....؟

۳۔ ...... حَقِيْبَةٌ ......

۴۔ اَلْبِنْتُ .... جَمِيْلَةٌ.

۵۔ عَلَى الْمَكْتَبِ .... كِتَابٌ.

۶۔ فِي .... السَوْدَاءِ قَلَمٌ وَ ......

۷۔ هَلْ هُوَ ...... كَرِيْمٌ؟

۸۔ هَلْ تِلْكَ .... غَالِيَةٌ؟

۹۔ عَلَى الْمَكْتَبِ ....

۱۰۔ فِي ...... الْجَمِيْلَةِ بِنْتٌ.

۳۔ الف اور ب دونوں حصوں میں سے مناسب الفاظ کو ملا کر لکھیے:

الف	ب
سَيَّارَةٌ	كَرِيْمٌ
بِنْتٌ	ذَكِيٌّ
وَلَدٌ	بَيْضَاءُ
حَقِيْبَةٌ	نَشِيْطٌ

مَكْتَبٌ	وَاسِعٌ
غُرْفَةٌ	رَخِيْصَةٌ
بَابٌ	مُغْلَقَةٌ
سَائِقٌ	جَمِيْلَةٌ
حَدِيْقَةٌ	قَدِيْمٌ
أُسْتَاذٌ	مَفْتُوْحَةٌ

۴۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب عربی میں لکھیے:

۱۔ خوبصورت گھر میں کون ہے؟

۲۔ کیا وہ ذہین لڑکی ہے؟

۳۔ بڑے اسکول میں کیا ہے؟

۴۔ کالے بیگ میں کیا ہے؟

۵۔ کیا یہ مہنگی کار ہے؟

۶۔ پُرانی میز پر کیا ہے؟

۷۔ بڑے کمرے میں کون ہے؟

۸۔ کیا یہ خوبصورت لڑکا ہے؟

۵۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ تم ایک خوبصورت لڑکی ہو۔

۲۔ وہ ایک ذہین لڑکا ہے۔

۳۔ یہ ایک نئی کار ہے۔

۴۔ وہ ایک پُرانی بس ہے۔

۵۔ کیا یہ کالا بیگ ہے۔

۶۔ پُرانے گھر میں کون ہے۔

۷۔ کیا یہ کار قیمتی ہے۔

۸۔ نہیں یہ کار سستی ہے۔

۹۔ نیا باغ وسیع ہے۔

۱۰۔ کلاس میں استاد اور شاگرد ہیں۔

قاعدہ

مرکب توصیفی ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں کسی اسم (اسم ذات) کی کوئی صفت یا خصوصیت یا کیفیت بیان کی گئی ہو۔ جیسے: الولد النشيط، البنت الذكية، السيارة السوداء۔

مرکب توصیفی کا پہلا جز موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔ مرکب توصیفی کے دونوں اجزا میں نکرۃ، معرفۃ اور تذکیر و تانیث وغیرہ کے اعتبار سے مطابقت ہوتی ہے۔

٧ـ الدرس السابع

حروف استفہام، ترکیب اضافی

شَجَرَةٌ	تُفَّاحٌ	مَوْزٌ	سُوْقٌ
فَاكِهَةٌ	قَرِيْبٌ	بَعِيْدٌ	لَذِيْذٌ
طَازَجٌ	زَهْرَةٌ	وَرْدَةٌ	
* أَيْنَ	كَيْفَ		

شَجَرَةٌ

تُفَّاحٌ

مَوْزٌ

سُوْقٌ

وَرْدَةٌ

* حروف استفہام * اس سبق میں دیے گئے جملے ترکیب اضافی (مضاف اور مضاف الیہ) پر مبنی ہیں۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

هَذِهِ شَجَرَةُ التُّفَّاحِ.

هَذَا سُوْقُ الْفَاكِهَةِ.

تِلْكَ شَجَرَةُ الْوَرْدِ.

لَوْنُ التُّفَّاحِ أَحْمَرُ.

مَدْرَسَةُ سَاجِد قَرِيْبَةٌ.

بَيْتُ فَاطِمَة بَعِيْدٌ.

أَيْنَ سَيَّارَةُ الْأُسْتَاذِ؟

حَقِيْبَةُ الْوَلَدِ رَخِيْصَةٌ.

هَلْ مَدْرَسَةُ الْبِنْتِ بَعِيْدَةٌ؟

لَا، مَدْرَسَةُ الْبِنْتِ قَرِيْبَةٌ.

شَجَرَةُ الْوَرْدِ صَغِيْرَةٌ.

بَابُ الْحَدِيْقَةِ مَفْتُوْحٌ.

هَلْ نَافِذَةُ الْغُرْفَةِ مُغْلَقَةٌ؟

لَا، نَافِذَةُ الْغُرْفَةِ مَفْتُوْحَةٌ

أَيْنَ حَدِيْقَةُ التُّفَّاحِ؟

هَذِهِ حَدِيْقَةُ التُّفَّاحِ.

كَيْفَ أُسْتَاذُ الْمَدْرَسَةِ؟

أُسْتَاذُ الْمَدْرَسَةِ كَرِيْمٌ

هَلِ السَّيَّارَةُ الْبَيْضَاءُ غَالِيَةٌ؟

لَا، السَّيَّارَةُ الْبَيْضَاءُ رَخِيْصَةٌ.

هَلْ مَسْجِدُ الْمَدْرَسَةِ بَعِيْدٌ؟

لَا، مَسْجِدُ الْمَدْرَسَةِ قَرِيْبٌ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ شَجَرَةٌ

هَلْ هَذَا تُفَّاحٌ؟ — نَعَمْ، هَذَا تُفَّاحٌ

هَلْ هَذَا التُّفَّاحُ طَازَجٌ؟ — نَعَمْ، هَذَا التُّفَّاحُ طَازَجٌ

مَاهَذَا؟ — هَذَا مَوْزٌ

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ وَرْدَةٌ

هَلْ هَذَا مَوْزٌ؟ — لَا، هَذِهِ وَرْدَةٌ

۲۔ خالی جگہیں پر کیجیے:

۱۔ هَذَا .... الفَاكِهَة.

۲۔ تلك شجرة ....

۳۔ بيت .... بعيد.

٤۔ زهرة ....

٥۔ كيف سائق ....

٦۔ هل مدرسة .... بعيدة.

۷۔ فاكهة ....لذيذة.

۸۔ .... المدرسة الواسعة.

۹۔ هذه .... المرأة.

۱۰۔ .... الغرفة مغلقة.

۳۔ 'الف' اور 'ب' دونوں حصوں میں سے مضاف اور مضاف الیہ کو ملا کر لکھیے:

مثال: نَافِذَةُ الْغُرْفَةِ

الف	ب
شَجَرَةُ	اَلْغُرْفَةِ
ثَمَنُ	اَلْوَلَدِ
مَدْرَسَةُ	اَلْوَرْدِ
نَافِذَةُ	اَلتُّفَّاحِ

حَدِيْقَةُ	الْبِنْتِ
بَابُ	الْفَاكِهَةِ
سُوْقُ	الْمَرْأَةِ
بَيْتُ	الْأُسْتَاذِ
حَقِيْبَةُ	الزَّهْرَةِ
أُسْتَاذُ	الْمَدْرَسَةِ

۴۔ مندرجہ ذیل سوالات کا جواب عربی میں دیجیے:

۱۔ پھلوں کا بازار کہاں ہے؟

۲۔ استاد کی گاڑی کیسی ہے؟

۳۔ کیا کمرے کی کھڑکی بند ہے؟

۴۔ لڑکے کا گھر کہاں ہے؟

۵۔ کیا سیب کا باغ دور ہے؟

۶۔ کیا وہ استاذ کی بیٹی ہے؟

۷۔ کیا سفید کار مہنگی ہے؟

۹۔ کیا مدرسہ کی مسجد دور ہے؟

۵۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ یہ پھلوں کا بازار ہے۔

۲۔ وہ گلاب کا پھول ہے۔

۳۔ گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔

۴۔ لڑکی کی کار کہاں ہے۔

۵۔ کیا کمرے کا دروازہ کھلا ہے؟

۶۔ نہیں کمرے کا دروازہ بند ہے۔

۷۔ اسکول کی بس پُرانی ہے۔

۸۔ کیلا لذیذ ہے۔

۹۔ وہ لڑکے کی کتاب ہے۔

۱۰۔ کیا لڑکی کا اسکول دور ہے؟

قاعدہ

- ترکیب اضافی دو اسموں کے ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں پہلے اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو۔ جیسے: مدرسة ساجد، شجرة الورد، حديقة التفاح .
- مرکب اضافی کے پہلے اسم کو مضاف اور دوسرے اسم کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔
- مضاف اور مضاف الیہ دونوں اسم ہوتے ہیں
- مضاف اسم نکرہ ہوتا ہے لیکن اضافت کی وجہ سے اس میں معرفہ کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں اور مضاف الیہ اکثر اسم معرفہ اور کبھی نکرۃ بھی ہوا کرتا ہے۔
- مضاف پر ''ال'' اور تنوین (ـٌ، ـً، ـٍ) نہیں آتی ۔لیکن مضاف الیہ پر ''ال'' یا تنوین دونوں ہی آتے ہیں۔
- مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

٨ ـ الدرس الثامن

ا۔ ترکیب اضافی۔ ۲۔ ضمیر کی طرف اضافت

اِسْمٌ	مُهَنْدِسٌ	تَاجِرٌ	مُعَلِّمَةٌ	طَبِيْبٌ
مُمَرِّضَةٌ	سَاعَةٌ	دَرَّاجَةٌ	جَدِيْدٌ	قَدِيْمٌ

مُهَنْدِسٌ

تَاجِرٌ

مُعَلِّمَةٌ

طَبِيْبٌ

مُمَرِّضَةٌ

سَاعَةٌ

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

أَنَـا مُهَـنْـدِسٌ، اِسْـمِـيْ أَحْـمَـد، نَحْنُ مُهَنْدِسُوْنَ، أَنْتَ تَاجِرٌ، اِسْمُكَ

(ا) اس سبق کے جملے ترکیب اضافی پر مبنی ہیں (۲) بعض جملوں میں اسم کی اضافت ضمیر کی طرف ہے۔

حَـامِـد، أَنْتُـمْ تُـجَّـارٌ، أَنْـتِ مُعَلِّمَةٌ، اِسْمُكِ فَاطِمَة، أَنْتُنَّ مُعَلِّمَات، هُوَ طَبِيْـبٌ اِسْـمُـهُ مُـحَـمَّـد، هُـمْ أَطِبَّاءُ، هِيَ مُمَرِّضَةٌ ، اِسْمُهَا زَيْنَب، هُنَّ مُـمَـرِّضَـاتٌ اِسْـمُ الْـمُهَنْدِسْ أَحْمَد، اِسْمُ التَّاجِرِ حَامِد، اِسْمُ الْمُعَلِّمَةِ فَـاطِـمَة، اِسْمُ الْطَبِيْبِ مُحَمَّد، اِسْمُ الْمُمَرِّضَةِ زَيْنَب، سَاعَتِيْ جَدِيْدَةٌ، سَـاعَتُكَ قَـدِيْـمَـةٌ، سَـاعَـتُـهُ غَـالِيَةٌ ، سَاعَتُهَا رَخِيْصَةٌ، دَرَّاجَتِيْ قَدِيْمَةٌ ، دَرَّاجَتُكَ جَدِيْدَةٌ، دَرَّاجَتُهُ رَخِيْصَةٌ، دَرَّاجَتُهَا غَالِيَةٌ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَنْ هَذَا؟ — هَذَا مُهَنْدِسٌ

مَا اِسْمُهُ؟ — اِسْمُهُ أَحْمَد

مَنْ هَذِهِ؟ — هَذِهِ مُعَلِّمَةٌ

مَا اِسْمُهَا؟ — اِسْمُهَا فَاطِمَة

هَلْ هَذَا طَبِيْبٌ؟ — نَعَمْ، هَذَا طَبِيْبٌ

مَا اِسْمُهُ؟ — اِسْمُهُ مُحَمَّد

هَلْ هَذِهِ مُمَرِّضَةٌ؟ — نَعَمْ، هَذِهِ مُمَرِّضَةٌ

مَا اِسْمُهَا؟ — اِسْمُهَا زَيْنَب

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ سَاعَةٌ

لِمَنْ هَذِهِ السَّاعَةُ؟ — هَذِهِ سَاعَةُ مُحَمَّد

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ دَرَّاجَةٌ

لِمَنْ هَذِهِ الدَّرَّاجَةُ؟ — هَذِهِ دَرَّاجَتِي

۲۔ جملے مکمل کیجیے:

١- أنَا ....

٢- أنْتَ ....

٣- هُوَ ....

٤- هِيَ ....

٥- هَلْ هَذَا ....؟

٦- نَعَمْ هُوَ ....

٧- مَا ....؟

٨- هَذِهِ ....

٩- لِمَنْ ....؟

٣۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

١۔ ...... مُحَمَّد.

٢۔ هَذِهِ ....

٣۔ أَيْنَ ...... أَحْمَد؟

٤۔ هَلْ .... سَاعَتُكَ؟

٥۔ نَعَمْ ...... سَاعَتِيْ.

٦۔ هَذَا طَبِيْبٌ ...... مُحَمَّدٌ.

٤۔ درج ذیل مثال کی روشنی میں دیے گئے الفاظ کو استعمال کیجیے:

مثال ساعة: ساعتي ساعتنا ساعتك ساعتكم ساعتكِ

ساعتكن ساعته ساعتهم ساعتها ساعتهن.

مدرسة:

بيت :

حقيبة :

قلم :

سيارة:

غرفة :

۵۔ عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ میں انجینئر ہوں۔

۲۔ میرا نام احمد ہے۔

۳۔ آپ کا نام محمد ہے۔

۴۔ آپ تاجر ہیں۔

۵۔ ڈاکٹر کا نام حامد ہے۔

۶۔ میری گھڑی نئی ہے۔

۷۔ اس کی سائیکل مہنگی ہے۔

۸۔ نرس کا نام زینب ہے۔

۹۔ آپ کی گھڑی پُرانی ہے۔

۱۰۔ میری گھڑی سستی ہے۔

قاعدہ

ضمیر کا بیان گذشتہ اسباق میں گزر چکا ہے۔اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں: متصل اور منفصل۔

- ضمیر متصل اس ضمیر کو کہتے ہیں جو دوسرے کلمہ کے ساتھ ملے بغیر استعمال نہ ہوتی ہو (بخلاف ضمیر منفصل کے)۔
- یہ ضمیر کبھی فعل کے ساتھ آتی ہے۔جیسے: ضربه (اس نے اس کو مارا) اور ضربته (میں نے اس کو مارا) اور کبھی اسم کے ساتھ جیسے: کتابه، ساعته، قمیصك۔
- اسم کے ساتھ ملنے کی صورت میں اسم مضاف اور ضمیر مضاف الیہ ہو گی۔اس لیے اس کو ضمیر اضافی بھی کہتے ہیں۔

٩ ـ الدرس التاسع

اسماءِ ظرف، ترکیبِ اضافی، اسم کی اضافت ضمیر کی طرف

ثَلَّاجَةٌ	مِرْوَحَةٌ	كُوْبٌ	سَرِيْرٌ
فُرْشَاةُ الأَسْنَانِ		قَمِيْصٌ	حِذَاءٌ
* أَمَامَ	خَلْفَ	تَحْتَ	فَوْقَ

ثَلَّاجَةٌ

مِرْوَحَةٌ

كُوْبٌ

سَرِيْرٌ

فُرْشَاةُ الأَسْنَانِ

قَمِيْصٌ

حِذَاءٌ

---

* اسماءِ ظرف

اس سبق میں دیے گئے جملے ترکیبِ اضافی پر مبنی ہیں۔ بعض جملوں میں اسم کی اضافت ضمیر کی طرف ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے:

هَـذا قـمِيْـصُ أحْـمَـد وَ ذلِك حِـذاؤُهُ، هَـذِهِ ثَلاَّجَةُ أحْـمَـد وَ تِـلْكَ مِـرْوَحَتُهُ.هَذا سَرِيْرُ فاطِمَــةَ وَ ذلِك كُوْبُهَـا، هَذِهِ مِرْوَحَةُ فاطِمَــةَ وَ تِـلْكَ ثَلاَّجَتُهَـا. ثَلاَّجَةُ أَحْـمَـد كَبِيْـرَةٌ وَ ثَلاَّجَةُ فاطِمَة صَغِيْرَةٌ. هٰذِهِ الثلاجَةُ أمامَ الْبابِ وَ تِلْكَ الْمِرْوَحَةُ خَلْفَ السَّرِيْرِ. حِذَاءُ أَحْمَد تَحْتَ السَّرِيْـرِ. كُـوْبُ فَـاطِـمَــةَ فَوْقَ السَّرِيْرِ. فِيْ بَيْتِ أَحْمَد ثَلاَّجَــةٌ وَ مِرْوَحَةٌ وَ سَرِيْرٌ. هَذِهِ فُرْشَاةُ الْأَسْنَانِ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هَذَا؟ — هَذَا قَمِيْصٌ

لِمَنْ هَذَا الْقَمِيْصُ؟ — هَذَا قَمِيْصُ أَحْمَدْ

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ ثَلاَّجَةٌ

لِمَنْ هَذِهِ الثَّلاَّجَةُ؟ — هَذِهِ ثَلاَّجَةُ أَحْمَدْ

هَلْ هَذَا كُوْبٌ؟ — نَعَمْ، هَذَا كُوْبٌ

هَلْ هَذَا كُوْبُكَ؟ — لاَ، هَذَا كُوبُ مُحَمَّدْ

مَاذا عَلَى السَّرِيْرِ؟

عَلَى السَّرِيْرِ فُرْشَاةُ الأَسْنَان.

مَاذَا تَحْتَ السَّرِيْرِ؟

تَحْتَ السَّرِيْرِ حِذَاءٌ.

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ مِرْوَحَةٌ.

لِمَنْ هَذِهِ الْمِرْوَحَةُ؟

هَذِهِ مِرْوَحَةُ فَاطِمَةَ/مِرْوَحَتِيْ

مَا هَذِهِ؟

هَذِهِ فُرْشَاةُ الأَسْنَانِ.

لِمَنْ هَذِهِ الْفُرْشَاةُ؟

هَذِهِ الْفُرْشَاةُ.

لِفَاطِمَةَ/لِأَحْمَدَ/ لِيْ/

لَكَ/لَهُ/لَهَا

۲۔ جملے مکمل کیجیے:

١- هذه ثلاجة ....

٢- هذا كوب ....

٣- هل هذا ....؟

٤- نعم هذا ....

٥- أين ....؟

٦ـ الحذاء تحت ....

٧ـ مَا ....؟

٨ـ هَذِهِ ....

٩ـ لِمَنْ هذه ....؟

٣ـ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

١ـ لمن......المروحة؟

٢ـ هَذِهِ ....فاطمة.

٣ـ ماذا ...... السرير؟

٤ـ تحت .... حذاء.

٥ـ أين ...... أحمد؟

٦ـ ...... أحمد أمام الباب.

٤ـ جملوں کی تصحیح کیجیے:

مثال: هَذَا ثَلَّاجَةُ أَحْمَد (هَذِه ثَلَّاجَةُ أَحْمَد)

١ـ هذا مروحة فاطمة.

٢ـ هذه كوب فاطمة.

٣ـ تلك حذاء فاطمة.

٤ـ ذلك الفرشاة لفاطمة.

٥ـ هذا الفرشاة لأحمد.

٦ـ ذلك مروحة أحمد.

٧ـ تلك قميص أحمد.

٨ـ هذه حذاء أحمد.

۵۔ درج ذیل جملوں کو صحیح ترتیب سے لکھیے:

مثال: أحمد / الثلاجة/ هذه (هَذِه ثَلَّاجَةُ أَحْمَد)

١ـ غالية/ الثلاجة/ هذه

٢ـ المروحة / تلك / رخيصة

٣ـ أسود/ أحمد/ حذاء

٤ـ فاطمة /كوب / السرير/ فوق

٥ـ ثلاجة / مروحة/ قميص/أحمد / بيت/ في

۶۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ یہ احمد کی قمیص اور وہ اُس کا جوتا ہے۔

۲۔ احمد کا ریفریجریٹر فاطمہ کے ریفریجریٹر سے بڑا ہے۔

۳۔ یہ بیڈ نیا اور وہ قمیص پُرانی ہے۔

۴۔ یہ ریفریجریٹر دروازے کے سامنے ہے۔

۵۔ فاطمہ کا گلاس سفید ہے اور وہ بیڈ کے اوپر ہے۔

۶۔ فاطمہ کے گھر میں قمیص، جوتا اور برش ہے۔

۷۔ یہ ریفریجریٹر مہنگا اور وہ پنکھا سستا ہے۔

۸۔ وہ پنکھا بیڈ کے پیچھے ہے۔

۹۔ یہ فاطمہ کا بیڈ ہے۔

۱۰۔ یہ احمد کا ریفریجریٹر ہے۔

قاعدہ

سم ظرف وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کا موقع و محل یا کسی فعل کے وقوع کا وقت معلوم ہو۔ پہلے کو
ف مکان اور دوسرے کو ظرفِ زمان کہا جاتا ہے۔ اسم ظرف ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

١٠ـ الدرس العاشر

'عند' کی اضافت ضمیر کی طرف

عِنْدَ	فِنْجَانٌ	كَمْبِيُوْتَرٌ	تِلْفِزْيُوْنٌ
نَظَّارَةٌ	هَاتِفٌ	كَأسٌ	جَوَازُ السَّفَرِ
تَأشِيْرَةٌ	مَاءٌ	شَايٌ	عَصِيْرٌ

فِنْجَانٌ

كَمْبِيُوْتَرٌ

تِلْفِزْيُوْنٌ

نَظَّارَةٌ

هَاتِفٌ (تِلِيْفُوْنٌ)

كَأسٌ

جَوَازُ السَّفَرِ

نوٹ: اس سبق میں دیے گئے جملوں میں عند کی اضافت ضمیر کی طرف ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

عِنْدِي فِنْجَانٌ صَغِيْرٌ. عِنْدَنَا كَمْبيُوْتَرٌ كَبِيْرٌ.

عِنْدَكَ تِلْفِزْيُوْنٌ جَدِيْدٌ. عِنْدَكُمْ تِلْفِزْيُوْنَاتٌ.

عِنْدَكِ نَظَّارَةٌ جَمِيْلَةٌ. عِنْدَكُنَّ نَظَّارَاتٌ كَثِيْرَةٌ.

عِنْدَهُ تِلِيْفُوْنٌ قَدِيْمٌ. عِنْدَهُمْ تِلِيْفُوْنَاتٌ.

عِنْدَهَا كَأسٌ جَمِيْلٌ. عِنْدِي جَوَازُ السَّفَرِ.

عِنْدَكَ كَأْسٌ مِنَ الْمَاءِ. عِنْدَهُ كَأْسٌ مِنَ الْعَصِيْرِ.

عِنْدَهَا فِنْجَانٌ مِنَ الشَّايِ. عِنْدِي جَوَازُ السَّفَرِ وَ لَكِنْ لَيْسَ عِنْدِي تَأشِيْرَةٌ.

اَلْفِنْجَانُ الصَّغِيْرُ عِنْدِي. اَلْكَمْبيُوْتَرُ الْكَبِيْرُ عِنْدَكَ. التِلْفِزْيُوْنُ الْجَدِيْدُ عِنْدِي. النَّظَّارَةُ الْجَمِيْلَةُ عِنْدَهَا. اَلتِّلِيْفُوْنُ الْقَدِيْمُ عِنْد اَحْمَد. اَلْكَأْسُ الْجَمِيْلُ عِنْدَكِ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هَذَا؟ — هَذَا فِنْجَانٌ.

لِمَنْ هَذَا الْفِنْجَانُ؟ — هَذَا فِنْجَانُكَ.

هَلْ عِنْدَهَا نَظَّارَةٌ؟ — نَعَمْ، عِنْدَهَا نَظَّارَةٌ.

هَلْ هَذَا كَمْبِيُوْتَرٌ؟ — نَعَمْ، هَذَا كَمْبِيُوْتَرٌ.

هَلْ هَذَا كَمْبِيُوْتَرُكَ؟ — لَا، هَذَا كَمْبِيُوْتَرُ مَاجِد.

مَاذَا فِيْ الْكَأْسِ؟ — فِيْ الْكَأْسِ مَاءٌ.

هَلْ فِيْ الْكَأْسِ عَصِيْرٌ؟ — لَا، فِيْ الْكَأْسِ مَاءٌ.

هَلْ عِنْدَهُ جَوَازُ سَفَرٍ؟ — نَعَمْ، عِنْدَهُ جَوَازُ سَفَرٍ.

أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِهِ؟ — هَذَا جَوَازُ سَفَرِهِ.

أَ عِنْدَكَ تِلْفِزْيُوْنٌ؟ — نَعَمْ، عِنْدِي تِلْفِزْيُوْنٌ.

هَلْ تِلْفِزْيُوْنُكَ جَدِيْدٌ — لَا، تِلْفِزْيُوْنِي قَدِيْمٌ.

٢۔ جملے مکمل کیجیے:

١۔ عندي ....

٢۔ عندنا ....

٣۔ عندك ....

٤۔ أ عندك ....؟

٥۔ نعم، عندي ....

٦۔ عنده ....

٧۔ عندها ....

٨۔ عندي كأس من ....

٣۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

١۔ عندي ......صغير.

٢۔ عندك قلم ....

٣۔ عنده...... قديم.

٤۔ .... بيت كبير.

٥۔ أ ...... ماء كثير؟

٦۔ نعم،...... ماء كثير.

۴۔ جملہ مفیدہ کو فہرست 'الف' اور جملہ ناقصہ کو فہرست 'ب' میں لکھیے:

مثال: الفنجان صغير (مفيدة) الفنجان الصغير (ناقصة)

١۔ التلفزيون الجديد / التلفزيون جديد

٢۔ الماء الكثير / الماء كثير

٣۔ العصير القليل / العصير قليل

٤۔ الشاي الحار / الشاي حار

٥۔ الكأس الجميل / الكأس جميل

۵۔ درج ذیل جملوں کو صحیح ترتیب سے لکھیے:

مثال: صغير / عندي / فنجان (عندي فنجان صغير)

١۔ جديد / عنده/ تلفزيون

٢۔ نظارة / عندها/ جميلة

٣۔ قديم / كأس / عندك

٤۔ أحمد / عند / رخيص / قلم

٥۔ التلفزيون / هذا / لمن؟

٦۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ میرے پاس ایک چھوٹا کپ ہے۔

۲۔ آپ کے پاس ایک نیا ٹیلیویژن ہے۔

۳۔ اس کے پاس ایک پُرانا ٹیلیفون ہے۔

۴۔ اس عورت کے پاس ایک خوبصورت گلاس ہے۔

۵۔ آپ کے پاس ایک گلاس پانی ہے۔

۶۔ کیا آپ کے پاس ایک گلاس جوس ہے؟

۷۔ میرے پاس پاسپورٹ ہے لیکن ویزا نہیں ہے۔

۸۔ پُرانا ٹیلیفون۔

۹۔ خوبصورت گلاس۔

۱۰۔ گرم چائے۔

اِکائی۔ ۲

١١ـ الدرس الحادي عشر

جملہ ''فعلیہ'' فعل ماضی لازم کا استعمال

اَلْيَوْمَ	أَمْسِ	مِنْ	مَتَى	مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ
صَيْدَلِيَّةٌ	مُسْتَشْفَى	مَطَارٌ	مَحَطَّةُ الْقِطَارِ	مَقْعَدٌ
دُكَّانٌ	ذَهَبَ	خَرَجَ	جَلَسَ	

مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ

صَيْدَلِيَّةٌ

مُسْتَشْفَى

مَطَارٌ

مَحَطَّةُ الْقِطَارِ

مَقْعَدٌ

نوٹ: اس سبق میں دیے گئے جملے ''فعلیہ'' ہیں، ان میں فعل ماضی لازم کا استعمال کیا گیا ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

ذَهَبَ أَحْمَد إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ الْيَوْمَ. ذَهَبَتْ فَاطِمَة إِلَى الصَّيْدَلِيَّةِ الْيَوْمَ.
ذَهَبْتَ (أَنْتَ) إِلَى الْمُسْتَشْفَى الْيَوْمَ. ذَهَبْتِ (أَنْتِ) إِلَى الْمَطَارِ أَمْسِ.
ذَهَبْتُ (أَنَا) إِلَى الْمُسْتَشْفَى أَمْسِ. ذَهَبْنَا (نَحْنُ) إِلَى مَحَطَّةِ الْقِطَارِ أَمْسِ.
خَرَجَ أَحْمَد مِنَ الْمُسْتَشْفَى أَمْسِ. خَرَجَتْ فَاطِمَة مِنْ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ.
خَرَجْتُ (أَنَا) مِنَ الْمَطَارِ. خَرَجْنَا (نَحْنُ) مِنْ مَحَطَّةِ الْقِطَارِ. جَلَسَ أَحْمَد
عَلَى الْكُرْسِيِّ. جَلَسْتُ (أَنَا) عَلَى الْكُرْسِيِّ. جَلَسْنَا (نَحْنُ) عَلَى الْكُرْسِيِّ.

مشق

۱۔ گفتگو:

مَا هَذَا؟ — هَذَا مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ.

مَنْ ذَهَبَ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ؟ — أَحْمَد ذَهَبَ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ.

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ صَيْدَلِيَّةٌ.

مَنْ ذَهَبَ إِلَى الصَّيْدَلِيَّةِ؟ — فَاطِمَة ذَهَبَتْ إِلَى الصَّيْدَلِيَّةِ.

مَنْ خَرَجَ مِنَ الْمُسْتَشْفَى؟ — أَحْمَد خَرَجَ مِنَ الْمُسْتَشْفَى.

مَتَى خَرَجَ أَحْمَد مِنَ الْمُسْتَشْفَى؟ — خَرَجَ أَحْمَد مِنَ الْمُسْتَشْفَى أَمْسِ.

هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى الْمَطَارِ؟		نَعَمْ، ذَهَبْتُ إِلَى الْمَطَارِ.
مَتَى ذَهَبْتَ إِلَى الْمَطَارِ؟		ذَهَبْتُ إِلَى الْمَطَارِ أَمْسِ.

۲۔ درج ذیل 'تصریفات' مع ان کے معنی زبانی یاد کیجیے:

هُوَ	ذَهَبَ	خَرَجَ	جَلَسَ
هُمَا	ذَهَبَا	خَرَجَا	جَلَسَا
هُمْ	ذَهَبُوْا	خَرَجُوْا	جَلَسُوْا
هِيَ	ذَهَبَتْ	خَرَجَتْ	جَلَسَتْ
هُمَا	ذَهَبَتَا	خَرَجَتَا	جَلَسَتَا
هُنَّ	ذَهَبْنَ	خَرَجْنَ	جَلَسْنَ
أَنْتَ	ذَهَبْتَ	خَرَجْتَ	جَلَسْتَ
أَنْتُمَا	ذَهَبْتُمَا	خَرَجْتُمَا	جَلَسْتُمَا
أَنْتُمْ	ذَهَبْتُمْ	خَرَجْتُمْ	جَلَسْتُمْ
أَنْتِ	ذَهَبْتِ	خَرَجْتِ	جَلَسْتِ
أَنْتُمَا	ذَهَبْتُمَا	خَرَجْتُمَا	جَلَسْتُمَا
أَنْتُنَّ	ذَهَبْتُنَّ	خَرَجْتُنَّ	جَلَسْتُنَّ
أَنَا	ذَهَبْتُ	خَرَجْتُ	جَلَسْتُ
نَحْنُ	ذَهَبْنَا	خَرَجْنَا	جَلَسْنَا

٣۔ جملے مکمل کیجیے:

١۔ ذَهَبَ أحْمَد إلى.........

٢۔ ذَهَبَتْ فَاطِمَة إلى.........

٣۔ ذَهَبْتُ إلى.............

٤۔ خَرَجَ أَحْمَد مِنْ ....

٥۔ خَرَجَتْ فَاطِمَة ....

٦۔ جَلَسْتُ عَلَى ....

٤۔ خالی جگہیں پر کیجیے:

١۔ ...... أحمد إلى المطار.

٢۔ ذهبت.......إلى المستشفى.

٣۔ مَنْ......مِن المستشفى؟

٤۔ فاطمة ...... من المستشفى.

٥۔ أنا ...... على المقعد.

٦۔ أنتَ جلستَ......

۵۔ درج ذیل جملوں میں فاعل کے مطابق فعل کی تصحیح کیجیے:

مثال: احمد ذهبت و جلست و خرجت (أحمد ذهب و جلس و خرج)

١۔ فاطمة ذهب و جلس و خرج.

٢۔ الولد ذهبتِ و جلستِ و خرجتِ.

٣۔ أنتَ ذهبتُ و جلستُ و خرجتُ.

٤۔ هو ذهبتَ و جلستَ و خرجتَ.

٥۔ أنا ذهبنا و جلسنا و خرجنا.

٦۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

١۔ مَنْ ذهب إلى المطار؟

٢۔ إلى أين ذهبت فاطمة اليوم؟

٣۔ متى ذهب أحمد إلى مكتب البريد؟

٤۔ هَلْ أنت ذهبتَ إلى المطار؟

٥۔ مَنْ خرج مِن المستشفى أمس؟

۷۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ آج خالد پوسٹ آفس گیا۔

۲۔ کل فاطمہ ایرپورٹ گئی تھی۔

۳۔ کل ہم لوگ ریلوے اسٹیشن گئے تھے۔

۴۔ آپ دکان سے باہر نکلے۔

۵۔ میں سیٹ پر بیٹھا۔

۶۔ ہم لوگ سیٹ پر بیٹھے۔

۷۔ میں ایرپورٹ سے باہر نکلا۔

۸۔ وہ لوگ ریلوے اسٹیشن سے باہر نکلے۔

۹۔ مریم پوسٹ آفس سے باہر نکلی۔

۱۰۔ ہم لوگ کرسی پر بیٹھے۔

قاعدہ

جملہ فعلیہ اس جملہ کو کہتے ہیں جس کی ابتدا فعل سے ہو جیسے: خرج أحمد من المستشفى، ذهب خالد إلى المدرسة، ذهبت فاطمة إلى الصيدلية۔ وغیرہ وغیرہ۔

- جملہ فعلیہ: فعل، فاعل اور مفعول سے مل کر بنتا ہے۔
- فاعل اور مفعول دونوں ہی اسم ہوا کرتے ہیں۔
- فاعل ہمیشہ مرفوع اور مفعول ہمیشہ منصوب ہوا کرتے ہیں۔
- جملہ فعلیہ میں فعل کبھی صرف اپنے فاعل سے مل کر مطلب پورا ظاہر کر دیتا ہے۔ اس کو فعل لازم کہتے ہیں۔ یعنی اس میں مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی۔

١٢ــ الدرس الثاني عشر

فعل ماضی متعدی مثبت اور منفی

كَتَبَ	فَتَحَ	شَرِبَ	تَرَكَ	رِسَالَةٌ
دَفْتَرٌ	سَاعِي الْبَرِيْدِ	شُرْطِيٌّ	مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ	
قَهْوَةٌ	تِلْمِيْذٌ	صَبَاحًا	فِي الصَّبَاحِ	

رِسَالَةٌ

دَفْتَرٌ

سَاعِي الْبَرِيْدِ

شُرْطِيٌّ

مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ

قَهْوَةٌ

نوٹ: اس سبق میں فعل ماضی متعدی مثبت اور منفی کا استعمال کیا گیا ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

الجمل المثبتة

كَتَبَ التِّلْمِيْذُ رِسَالَةً أمْسِ

كَتَبَتْ فَاطِمَة رِسَالَةً فِي الصَّبَاحِ

فَتحَ سَاعِي الْبَرِيْدِ مَكْتَبَ الْبَرِيْدِ فِي الصَّبَاحِ

تَرَكَ الشُّرْطِيُّ الرِّسَالَةَ فِيْ مَرْكَزِ الشُّرْطَةِ

أَنْتَ شَرِبْتَ الْقَهْوَةَ فِي الصَّبَاحِ

أَنْتُمْ شَرِبْتُمُ الْقَهْوَةَ اَلْيَوْمَ

أَنْتِ شَرِبْتِ الْقَهْوَةَ اَلْيَوْمَ

أَنْتُنَّ شَرِبْتُنَّ الْقَهْوَةَ فِي الصَّبَاحِ

أَنَا كَتَبْتُ رِسَالَةً أمْسِ

أَنَا فَتَحْتُ دَفْتَرِيْ

هُوَ فَتَحَ دَفْتَرَهُ

الجمل المنفية

مَا كَتَبَ التِّلْمِيْذُ رِسَالَةً أمْسِ

مَا كَتَبَتْ فَاطِمَة رِسَالَةً فِي الصَّبَاحِ

مَا فَتحَ سَاعِي الْبَرِيْدِ مَكْتَبَ الْبَرِيْدِ فِي الصَّبَاحِ

مَا تَرَكَ الشُّرْطِيُّ الرِّسَالَةَ فِيْ مَرْكَزِ الشُّرْطَةِ

أَنْتَ مَا شَرِبْتَ الْقَهْوَةَ فِي الصَّبَاحِ

أَنْتُمْ مَا شَرِبْتُمُ الْقَهْوَةَ اَلْيَوْمَ

أَنْتِ مَا شَرِبْتِ الْقَهْوَةَ صَبَاحاً

أَنْتُنَّ مَا شَرِبْتُنَّ الْقَهْوَةَ فِي الصَّبَاحِ

أَنَا مَا كَتَبْتُ رِسَالَةً أمْسِ

أَنْتَ ما فَتَحْتَ دَفْتَرَكَ

هِيَ مَا فَتَحَتْ دَفْتَرَهَا

مشق

ا۔ گفتگو:

مَا هَذَا؟ — هَذَا دَفْتَرٌ.

مَنْ فَتَحَ الدَّفْتَرَ؟ — أَحْمَد فَتَحَ الدَّفْتَرَ.

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ رِسَالَةٌ.

هَلْ كَتَبْتَ الرِّسَالَةَ؟ — لَا، أَنَا مَا كَتَبْتُ الرِّسَالَةَ.

أَهَذَا سَاعِي الْبَرِيْدِ؟ — نَعَمْ، هَذَا سَاعِي الْبَرِيْدِ.

مَتَى فَتَحَ سَاعِي الْبَرِيْدِ مَكْتَبَ الْبَرِيْدِ — فَتَحَ سَاعِي الْبَرِيْدِ مَكْتَبَ الْبَرِيْدِ فِي الصَّبَاحِ.

أَهَذَا شُرْطِيٌّ؟ — نَعَمْ، هَذَا شُرْطِيٌّ.

أَيْنَ تَرَكَ الشُّرْطِيُ الرِّسَالَةَ؟ — تَرَكَ الشُّرْطِيُ الرِّسَالَةَ فِيْ مَرْكَزِ الشُّرْطَةِ.

مَا هَذِهِ؟ — هَذِهِ قَهْوَةٌ.

هَلْ شَرِبْتَ الْقَهْوَةَ؟ — لَا، أَنَا مَا شَرِبْتُ الْقَهْوَةَ.

۲۔ مندرجہ ذیل 'تصریفات' کو مع ان کے معنی زبانی یاد کیجیے:

هُوَ	كَتَبَ	شَرِبَ	فَتَحَ	تَرَكَ
هُمَا	كَتَبَا	شَرِبَا	فَتَحَا	تَرَكَا
هُمْ	كَتَبُوْا	شَرِبُوْا	فَتَحُوْا	تَرَكُوْا
هِيَ	كَتَبَتْ	شَرِبَتْ	فَتَحَتْ	تَرَكَتْ
هُمَا	كَتَبَتَا	شَرِبَتَا	فَتَحَتَا	تَرَكَتَا
هُنَّ	كَتَبْنَ	شَرِبْنَ	فَتَحْنَ	تَرَكْنَ
أَنْتَ	كَتَبْتَ	شَرِبْتَ	فَتَحْتَ	تَرَكْتَ
أَنْتُمَا	كَتَبْتُمَا	شَرِبْتُمَا	فَتَحْتُمَا	تَرَكْتُمَا
أَنْتُمْ	كَتَبْتُمْ	شَرِبْتُمْ	فَتَحْتُمْ	تَرَكْتُمْ
أَنْتِ	كَتَبْتِ	شَرِبْتِ	فَتَحْتِ	تَرَكْتِ
أَنْتُمَا	كَتَبْتُمَا	شَرِبْتُمَا	فَتَحْتُمَا	تَرَكْتُمَا
أَنْتُنَّ	كَتَبْتُنَّ	شَرِبْتُنَّ	فَتَحْتُنَّ	تَرَكْتُنَّ
أَنَا	كَتَبْتُ	شَرِبْتُ	فَتَحْتُ	تَرَكْتُ
نَحْنُ	كَتَبْنَا	شَرِبْنَا	فَتَحْنَا	تَرَكْنَا

۳۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

١ـ من كتب الرسالة؟

٢ـ هل كتب التلميذ الرسالة؟

٣ـ متى كتب التلميذ الرسالة؟

٤ـ هل أنت شربت القهوة؟

٥ـ من فتح دفتره؟

٦ـ أين ترك الشرطي الرسالة؟

۴۔ جملوں کو مکمل کیجیے:

١ـ كتب التلميذ ....

٢ـ ما كتبت فاطمة ....

٣ـ أنا شربت ....

٤ـ ترك الشرطي ....

٥ـ هو فتح ....

٦ـ أنا فتحت ....

۵۔ خالی جگہیں پُر کیجیے:

١ ـ أنت .... القهوة.

٢ ـ كتبتْ .... الرسالة.

٣ ـ ترك .... الرسالة.

٤ ـ هو .... دفتره.

٥ ـ أنا ما .... دفتري.

٦ ـ فتح ساعي البريد .... في الصباح.

٦۔ درج ذیل جملوں میں فاعل کے مطابق فعل کی تصحیح کیجیے:

مثال: أحمد شربا و فتحا و تركا (أحمد شرب و فتح و ترك)

١ ـ فاطمة شربن و فتحن و تركن.

٢ ـ الولد شربت و فتحت و تركت.

٣ ـ أنتَ شربوا و فتحوا و تركوا.

٤ ـ هو شربت و فتحت و تركت.

٥ ـ أنا شربتُ و فتحتُ و تركتُ.

۷۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ طالب علم نے صبح ایک خط لکھا۔

۲۔ فاطمہ نے صبح کوئی خط نہیں لکھا۔

۳۔ پوسٹ مین نے صبح پوسٹ آفس کھولا۔

۴۔ پولس مین نے خط کو پولس اسٹیشن میں چھوڑ دیا۔

۵۔ آپ نے صبح کافی پی۔

۶۔ کیا آپ نے صبح کافی پی؟

۷۔ میں نے صبح ایک خط لکھا۔

۸۔ آپ نے صبح کافی نہیں پی۔

۹۔ فاطمہ نے صبح ایک خط لکھا۔

۱۰۔ میں نے صبح کوئی خط نہیں لکھا۔

قاعدہ

ان افعال کو جس میں فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے متعدی کہتے ہیں۔یعنی مفعول کے استعمال کے بغیر ان کا پورا مطلب ظاہر نہیں ہوتا۔ جیسے: كتبَ التلميذُ الدرسَ، شربَ الولدُ الماءَ، فتحَ الخادمُ البابَ، وغیرہ وغیرہ۔

فعل ماضی کو منفی بنانا ہو تو فعل کے شروع میں ''ما'' کا اضافہ کرنے سے منفی معنی دیتا ہے۔ جیسے: ما شربَ الولدُ الماءَ (لڑکے نے پانی نہیں پیا) یا ما كتبَ التلميذُ الدرسَ (طالب علم نے سبق نہیں لکھا)، وغیرہ وغیرہ۔

١٣ـ الدرس الثالث عشر

فعل ماضی معروف ومجہول، مہموز ومعتل

وَجَدَ	بَاعَ	دَعَا	أَخَذَ
سَأَلَ	قَرَأَ	وَصَفَ	قَالَ
رَمَى	أَكَلَ	مَاذَا	

صَيْدَلِيٌّ

مُذِيْعٌ

طَبِيْبَةٌ

جُوَافَةٌ

كُرَةٌ

نوٹ: اس سبق میں دیے گئے جملہ فعلیہ ہیں۔ ان میں فعل ماضی معروف ومجہول، مہموز ومعتل کا استعمال کیا گیا ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

وَجَدَ حَامِدٌ كِتَاباً. بَاعَ الصَّيْدَلِيُّ الدَّوَاءَ. دَعَا مَحْمُوْدٌ صَدِيْقَهُ. أَخَذَ الطَّالِبُ مِرْسَامًا. سَأَلَ التِّلْمِيْذُ الْمُدَرِّسَ. قَرَأَ الْمُذِيْعُ خَبَراً. وَصَفَتِ الطَّبِيْبَةُ الدَّوَاءَ. أَنْتَ قُلْتَ لِيْ. أَنْتِ رَمَيْتِ بِالْكُرَةِ. أَنَا أَكَلْتُ الْجُوَافَةَ.

وُجِدَ الْكِتَابُ. بِيْعَ الدَّوَاءُ. دُعِيَ الصَّدِيْقُ. أُخِذَ الْمِرْسَامُ. سُئِلَ الْمُدَرِّسُ. قُرِئَ الْخَبَرُ. وُصِفَ الدَّوَاءُ. قِيْلَ لِيْ. رُمِيَتِ الْكُرَةُ. أُكِلَتِ الْجُوَافَةُ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَنْ هٰذَا؟ — هٰذَا صَيْدَلِيٌّ.

مَنْ هٰذَا؟ — هٰذَا مُذِيْعٌ.

مَاذَا عَمِلَتِ الطَّبِيْبَةُ؟ — الطَّبِيْبَةُ وَصَفَتِ الدَّوَاءَ.

مَنْ رَمَى بِالْكُرَةِ؟ — اَنْتِ رَمَيْتِ بِالْكُرَةِ.

۲۔ مندرجہ ذیل 'تصریفات' کو مع اُن کے معنی زبانی یاد کیجیے:

هُوَ	وَجَدَ	بَاعَ	دَعَا
هُمَا	وَجَدَا	بَاعَا	دَعَوَا
هُمْ	وَجَدُوْا	بَاعُوْا	دَعَوْا
هِيَ	وَجَدَتْ	بَاعَتْ	دَعَتْ
هُمَا	وَجَدَتَا	بَاعَتَا	دَعَتَا
هُنَّ	وَجَدْنَ	بِعْنَ	دَعَوْنَ
أَنْتَ	وَجَدْتَ	بِعْتَ	دَعَوْتَ
أَنْتُمَا	وَجَدْتُمَا	بِعْتُمَا	دَعَوْتُمَا
أَنْتُمْ	وَجَدْتُمْ	بِعْتُمْ	دَعَوْتُمْ
أَنْتِ	وَجَدْتِ	بِعْتِ	دَعَوْتِ
أَنْتُمَا	وَجَدْتُمَا	بِعْتُمَا	دَعَوْتُمَا
أَنْتُنَّ	وَجَدْتُنَّ	بِعْتُنَّ	دَعَوْتُنَّ
أَنَا	وَجَدْتُ	بِعْتُ	دَعَوْتُ
نَحْنُ	وَجَدْنَا	بِعْنَا	دَعَوْنَا

۳۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

مَاذَا وَجَدَ حَامِدٌ؟

مَاذَا بَاعَ الصَّيْدَلِيُّ؟

مَاذَا أَخَذَ الطَّالِبُ؟

مَاذَا قَرَأَ الْمُذِيْعُ؟

مَاذَا وَصَفَتِ الطَّبِيْبَةُ؟

مَنْ رَمَى بِالْكُرَةِ؟

مَنْ أَكَلَ الْجُوَافَةَ؟

مَاذَا وُجِدَ؟

مَاذَا بِيْعَ؟

مَاذَا أُخِذَ؟

مَاذَا قُرِئَ؟

مَاذَا وُصِفَ؟

مَاذَا رُمِيَ؟

مَاذَا أُكِلَ؟

۴۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

١ـ وجد ..... كتابا.

٢ـ دعا محمود ....

٣ ـ باع الصيدلي ....

٤ ـ أخذ .... مرساما.

٥ ـ سأل التلميذ ....

٦ ـ قرأ ....خبرا

٧ ـ وصفت ...... الدواء

٨ ـ أنا ..... الجوافة

٩ ـ وُجِدَ ....

١٠ ـ وُصِفَ ....

١١ـ بِيْعَ ....

١٢ ـ رُمِيَت ....

١٣ ـ دُعِيَ......

١٤ ـ أُكِلَتْ ....

١٥ ـ أُخِذَ ......

۵۔ نیچے دیے ہوئے معروف جملوں کو مجہول میں تبدیل کیجیے:

مثال: دَعَا حَامِدٌ صَدِيْقَهُ	دُعِيَ الصَّدِيْقُ
(معروف)	(مجہول)
سأل الطالب زميله	....
وجد محمد قلما	....
قرأت فاطمة الدرس	....
أنت رميت بالكرة	....
هو فتح الباب	....
أنت قلت لي	....

٦۔ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ دوافروش نے دوا فروخت کی۔

۲۔ خالد نے پنسل لی۔

۳۔ محمود نے استاذ سے سوال کیا۔

۴۔ نیوز ریڈر نے خبر پڑھی۔

۵۔ لیڈی ڈاکٹر نے دوا تجویز کی۔

٦۔ لڑکے نے گیند پھینکی۔

۷۔ تم نے امرود کھایا۔

۸۔ حامد نے اپنے دوست کو بلایا۔

۹۔ یہ کتاب پڑھی گئی۔

۱۰۔ وہ قلم بیچا گیا۔

قاعدہ

جس فعل کا فاعل معلوم ہو اس کو فعل معروف کہتے ہیں۔ جیسے: وَجَدَ حَامِدٌ كِتاباً۔

جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اس کو فعل مجہول کہتے ہیں۔ جیسے: وُجِدَ الكِتابُ ، بِيعَ الدَّواءُ ، دُعِيَ الصديقُ۔

مہموز وہ فعل ہے جس کے تینوں حروف اصلیہ میں سے کسی حرف کی جگہ پر ہمزہ ہو، اگر وہ ہمزہ ''ف'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو مہموز الفاء کہتے ہیں۔ جیسے أخذَ الطالبُ مرسَاماً۔ اگر وہ ہمزہ ''ع'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو مہموز العین کہتے ہیں۔ جیسے: سأل التلميذ المدرس ۔ اگر ہمزہ ''ل'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو مہموز اللام کہتے ہیں۔ جیسے: قرأ المذيعُ خبراً۔

معتل وہ فعل ہے جس کے تینوں حروف اصلیہ میں سے کسی کی جگہ پر حرف علت ہو۔ تین ہیں و، ا، ي.

- اگر حرف علت ''ف'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو معتل الفاء کہتے ہیں۔ جیسے: وَصَفتِ الطَبيبةُ الدَواءَ۔
- اگر حرف علت ''ع'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو معتل العین کہتے ہیں۔ جیسے: بَاعَ الصيدلي الدواءَ۔
- اگر حرف علت ''ل'' کلمہ کی جگہ پر ہو تو اس کو معتل اللام کہتے ہیں۔ جیسے: دَعا محمودٌ صديقَه'۔

١٤ـ الدرس الرابع عشر

فعل مضارع لازم معروف کا استعمال

مُوَظَّفٌ	فَتَاةٌ	كُلِّيَّةٌ	أَفْرَحُ
تَسْعَدُ	يَسْهُلُ	يَرْبَحُ	تَغْفُلُ
يَهْرُبُ	لِصٌّ	شُرْطِيٌّ	يَبْرُدُ
مَطَرٌ			

مُوَظَّفٌ

فَتَاةٌ

لِصٌّ

غُصْنٌ

نوٹ: اس سبق میں دیے گئے جملے جملہ فعلیہ ہیں۔ ان میں فعل مضارع لازم معروف کا استعمال کیا گیا ہے۔

پڑھیے، لکھیے اور ترجمہ کیجیے۔

يَـذْهَبُ الْمُوَظَّفُ إِلَى الْمَكْتَبِ. تَذْهَبُ الْفَتَاةُ إِلَى الْكُلِّيَةِ. أَنَا أَفْرَحُ بِلِقَائِكَ. أَنْتِ تَـغْـضَبِيْـنَ يَـا فَـاطِـمَةُ. أَنْـتَ تَـسْـعَـدُ بِنَتِيْجَةِ الْإِمْتِحَانِ. كَيْفَ يَسْهُلُ الـدَّرْسُ؟ يَسْهُـلُ الـدَّرْسُ بَـالْـحِـفْـظِ. يَـرْبَحُ التَّاجِرُ الْأَمِيْنُ. يَخْسِرُ الرَّجُلُ الْـمُـهْـمِلُ. هِيَ تَغْفُلُ عَنْ دَرْسِهَا. يَهْرُبُ الْلِصُّ مِنَ الشُّرْطِيِّ. تَسْقُطُ الْوَرَقَةُ مِنَ الْغُصْنِ. يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ. يَبْرُدُ الْمَاءُ فِي الثَّلَّاجَةِ.

لَا يَـذْهَـبُ الْـمُوَظَّفُ إِلَى الْمَكْتَبِ. لَا تَذْهَبُ الْفَتَاةُ إِلَى الْكُلِّيَةِ. أَنَا لَا أَفْرَحُ بِـلِـقَائِكَ أَنْتِ لَا تَغْضَبِيْنَ يَا فَاطِمَةُ. أَنْتَ لَا تَسْعَدُ بِنَتِيْجَةِ الْإِمْتِحَانِ. هِيَ لَا تَـغْـفُـلُ عَـنْ دَرْسِهَـا. لَا يَهْـرُبُ الْـلِـصُّ مِـنَ الشُّرْطِيِّ. لَا تَسْقُطُ الْوَرَقَةُ مِنَ الْغُصْنِ. لَا يَبْرُدُ الْمَاءُ فِي الثَّلَّاجَةِ.

مشق

ا۔ گفتگو:

مَنْ هَذَا؟ — هَذَا مُوَظَّفٌ.

أَيْنَ تَذْهَبُ الْفَتَاةُ؟ — الْفَتَاةُ تَذْهَبُ إِلَى الْكُلِّيَةِ.

مَنْ يَهْرُبُ مِنَ الشُّرْطِيِّ؟

اللِّصُّ يَهْرُبُ مِنَ الشُّرْطِيِّ.

مَنْ هٰذَا؟

هٰذَا شُرْطِيٌّ.

مَا هٰذَا؟

هٰذَا غُصْنٌ.

٢۔ فعل مضارع کی گردان:

هُوَ	يَذْهَبُ	يَنْزِلُ	يَفْرَحُ
هُمَا	يَذْهَبَانِ	يَنْزِلَانِ	يَفْرَحَانِ
هُمْ	يَذْهَبُونَ	يَنْزِلُوْنَ	يَفْرَحُوْنَ
هِيَ	تَذْهَبُ	تَنْزِلُ	تَفْرَحُ
هُمَا	تَذْهَبَانِ	تَنْزِلَانِ	تَفْرَحَانِ
